By the people,of the people, for the people

The Democratic News
The Democratic News
Thedemocraticnews
thedemocraticnd@gmail.com
Epaper.sadaehussaini.com
@theDemocraticD6

The Democratic News

english daily powered by sada e hussaini

Pages: 04 | Price : Rs 4 | Vol: 28 | Issue : 12 | Wednesday 14, Jan 2025 | News Editor : Syed Abdullah | Email: thedemocraticnd@gmai

Right to Protest for All, but Violence and Burning of Mosques Are Unacceptable; Foreign Dictation Will Not Be Tolerated: Iranian Consul General

At a program held today at the Iranian Consulate in Banjara Hills, Hyderabad, the Consul General of the Islamic Republic of Iran in Hyderabad, Mr. Hamid Ahmadiyeh, held a detailed meeting and interactive discussion with senior journalists from South India. The meeting was part of ongoing eforts to maintain engagement and mutual coordination with the media.

On the occasion, the Consul General highlighted the centuries-old historical and cultural ties between Iran and India and emphasized the vital role of the media in promoting mutual understanding and the responsible dissemination of information. Referring to the recent situation in Iran, he stated that the initial economic protests were peaceful and conducted within the constitutional framework.

He clariied that Article 27 of the Constitution of the Islamic Republic of Iran permits peaceful assemblies and protests without arms.

He further stated that Iran's Supreme Leader, Ayatollah Syed Ali Khamenei, and President Masoud Pezeshkian had also termed peaceful public protests as legitimate, following which the authorities facilitated and monitored such gatherings. The Consul General added that the violence, vandalism, and attacks on public installations that occurred in later stages were the result of organized actions involving foreign interference, as conirmed by investigations conducted by security and intelligence agencies. These incidents resulted in damage to public transport, emergency service vehicles, inancial institutions, and mosques.

He made it clear that, like other democratic countries, Iran draws a clear distinction between peaceful protest and violent unrest, and does not tolerate terrorism or violence carried out with foreign backing under any circumstances.

On this occasion, a special video program was organized by the Iranian Consulate to clarify the facts and authenticity of reports circulating worldwide regarding the ongoing protests in Iran and the involvement of rioting elements. Responsible journalists associated with all major English and Urdu newspapers of the city were invited to attend.

Various videos were screened showing scenes of rioters setting mosques on ire and damaging public and national property. Alongside these, videos depicting people coming out onto the streets on January 12 in support of the Government of Iran were also shown. In addition, a video message of Iran's Supreme Leader, Ayatollah Syed Ali Khamenei, was presented to the participants.

At the conclusion of the program, a dinner was hosted. On this occasion, the Consul General of Iran in Hyderabad, Mr. Hamid Ahmadiyeh, and the Deputy Consul General of Iran, Mr. Agha Mohsin Moqaddami, thanked the journalists and dignitaries who attended the program and appreciated their cooperation.Among those present at the program were Mr. Syed Jafer Hussain, Editor of(Sada-e-Hussaini Daily),Mr. Aziz Ahmed (Etemaad Daily), Mr. Fazil Hussain Parvez (Gawah), Mr. Riyaz Ahmed (Siasat Daily), Mr. Umar Daraz Khan, Editor of (Rehnuma-e-Deccan Daily), Mr. Ahmed Khan (Rehnuma-e-Deccan Daily); Mr. Wajahat; Mr. Naeem; Mr. Mazhar Ali; Mr. Hadi Ali; Mr. Mohammed Abdullah (Freedom Press); and Mr. Syed Mujtaba Hussain Zaidi (Sair News), among others.

EC Deleted 54 Lakh 'Genuine Voters' in Bengal Without Hearing, Alleges Mamata Banerjee

Kolkata: West Bengal Chief Minister Mamata Banerjee on Tuesday made serious allegations against the Election Commission of India, claiming that 54 lakh genuine voters were deleted from electoral rolls in West Bengal without being given any chance to defend themselves during the ongoing Special Intensive Revision (SIR) exercise.Addressing a press conference at the state secretariat Nabanna, Mamata Banerjee said the deletions were carried out unilaterally and amounted to a direct attack on democracy.Allegation of Unilateral Deletions Using AI Tools

The Chief Minister alleged that the Election Commission, while operating from Delhi, misused the powers of Electoral Registration O cers (EROs) to delete names from voter lists.She claimed that:AI-based tools allegedly linked to the BJP were used to lag "logical discrepancies"Women voters who changed surnames after marriage were afectedNames of living voters were wrongly marked as deceasedAccording to her, many EROs were not even aware that voter names were being removed under their authority.No Opportunity Given to Defend NamesMamata Banerjee alleged that a large number of deleted voters were never informed of the grounds for deletion, denying them the right to defend their inclusion in the electoral rolls.

She said she has already written ive letters to Chief Election Commissionr Ganesh Kumar, raising concerns over digitisation errors, anomalies, and procedural lapses that caused hardship to voters.Claim of Plan to Remove One Crore More VotersEscalating her attack, the Chief Minister alleged that the BJP–EC nexus was planning to delete another one crore voter names from the inal electoral rolls.She said 1.36 crore voters have been earmarked for veriication on grounds of "logical discrepancy," including well-known personalities such as:Amartya SenJoy GoswamiMohammed ShamiLaxmi Ratan ShuklaShe alleged that the list itself was designed to justify mass deletions

Objections to Micro-Observers and ProceduresMamata Banerjee questioned the deployment of micro-observers during SIR hearings, alleging that such deployment is not permitted under SIR rules and is being implemented only in West Bengal. The Chief Minister also displayed a photo alleging bulk transport of voter deletion forms in parts of the state. She claimed that in Bankura and Malda districts, large numbers of Form 7 applications were being transported for mass deletions. Police conirmed that two persons were detained from a vehicle in Bankura, from which illed Form 7 documents were recovered. An FIR has been registered at Khatra police station, while some occupants of the vehicle reportedly led.

Kerala unit of BJP extends support to renaming of state; sends letter to PM, CM

Party state Chief Rajeev Chandrasekhar sent letters to the PM and Chief Minister Pinarayi Vijayan, making the party's stand clear in the matter.

The Kerala unit of the BJP has extended support to the LDF government's move to rename the state as "Keralam" and sought Prime Minister Narendra Modi's intervention for the same. Party state Chief Rajeev Chandrasekhar sent letters to the PM and Chief Minister Pinarayi Vijayan, making the party's stand clear in the matter.

The renaming would help to curb the attempts of extremist forces that are raising demands for the division of the state into separate districts on the basis of religion, he said. In his letter to the Prime Minister, Chandrasekhar pointed out that state Legislative Assembly had passed a resolution to change the name of the state in o cial records from "Kerala" to "Keralam".Stating that the BJP's ideology is grounded in protecting and respecting linguistic culture and traditions, he said the party has always seen the state as "Keralam" with thousands of years of tradition, heritage and culture that it represents.

The leader, in the letter, expressed hope that with the renaming of the state, all political parties will work together to revive and preserve the state's rich traditional heritage and also work to create a "Vikasita, Surakshita Keralam" where the faith and tradition of all people cutting across their religion is protected and respected.

"A Keralam deeply rooted in its history, whilst working for a bright, prosperous future for all Malayalees, will also serve to blunt the efforts of some radical elements in our society, who continue to raise demands for carving out more 'separate districts' based on religion to fragment our State," he said.

"We respectfully request your intervention to ensure that our state is named the Malayalam-rooted name (Keralam)," Chandrasekhar added in the letter to PM Modi.

The BJP state president reiterated the same stand in his letter to the chief minister and expressed hope about creating a 'developed and safe Kerala' where the faith of all Malayalis living with diferent religious beliefs is protected and respected.

The Kerala assembly, in August 2024, had unanimously adopted a resolution urging the Centre to o cially change the state's name to 'Keralam'.

Defense Medical Camp in Lakshadweep Reflects 'Swasth Bharat' Vision : Rajnath Singh

New Delhi: Defence Minister Rajnath Singh said on Tuesday that the ongoing Joint Services Multi-Speciality Medical Camp in Lakshadweep is a manifestation of the government's vision of 'Swasth Bharat'. He said the ive-day camp also reiterates the government's commitment to provide quality healthcare even in remote areas. "Addressed the inaugural ceremony of the Multi-Speciality Joint Services Medical Camp at Kavaratti in Union Territory of Lakshadweep through video conference," he said in a message on X."This large-scale medical camp being organised by the Indian Navy highlights the Government of India's commitment to bringing quality healthcare closer to citizens in remote areas, in furtherance of the vision of 'Swasth Bharat'," said the Defence Minister. "The comprehensive screening, early diagnosis, timely medical advice, medical interventions and free distribution of medicines would contribute to long-term health beneits for the island community," he said.The camp will cover Agatti, Kavaratti, Androth, Amini and Minicoy islands. It will be conducted by a Joint Services Medical Team comprising experienced medical o cers and specialists from the Indian Army, Indian Navy and Indian Air Force, said an o cial The participation of professionals from all three Services ensures a broad spectrum of clinical expertise, facilitating comprehensive and integrated healthcare delivery during the camp period. This initiative is part of the Indian Navy's continued eforts to support and augment existing healthcare services in the island territory through regular conduct of camps as part of Navy Day outreach activities, said an o cial in a statement.

Kashmir Authorities Begin Profiling Mosques, Madrassas After Busting 'White Collar' Terror Module



Srinagar: Authorities in Kashmir have started a detailed process of proiling mosques, madrassas, and people managing these religious institutions following the busting of a major 'white collar' terror module last year. The move aims to strengthen oversight, improve record-keeping, and prevent the misuse of religious platforms for unlawful activities.Data Collection Drive Across KashmirO cials conirmed that a proforma has been issued to village numberdars (village-level revenue staf) to collect detailed information about:

Mosques and madrassas

Imams (prayer leaders)Madrassa teachersManagement committee members

The exercise is being carried out across several areas of the Valley. ocus on Funding and Administration

A key focus of the proiling drive is the inancial functioning of mosques and madrassas. Authorities are seeking information on:Sources of funds used for construction

Donations and inancial contributions

Daily operational expenses

The aim is to ensure transparency and accountability in the management of religious institutions. Personal and Identiication Details Sought

As part of the enumeration process, imams, teachers, and committee members have been asked to provide several personal and identiication details,-including: Aadhaar card and bank account informationProperty ownership details

Passport, ration card, driving licence

SIM card details and mobile phone IMEI numbersSocial media handles

O cials stated that the data will be used to create a centralised database of religious institutions and their functionaries. Background: 'White Collar' Terror Module Case

According to senior o cials, the proiling initiative follows revelations made during the investigation into a terror module busted in November last year by Jammu and Kashmir Police, with assistance from police forces in other states. The probe revealed that some suspects were radicalised through madrassas or online platforms, prompting closer scrutiny of certain networks. Authorities also noted that the proforma seeks information about the sect followed by the mosque or madrassa, such as Barelvi, Deobandi, Hanai, or Ahle Hadeeth. As part of the process, individuals have also been asked to disclose any past involvement in terror-related or subversive activities, including pending cases or convictions.

اپنا اخبار اپنی بات
APNA AKHBAR APNI BAAT
sadaehussaini.com / sadaehussaini.in /
sadaehussaini@gmail.com
Mobile : 9490618051 Whatsup : 9346938539

روزنامہ
ہے زبانوں کی زبان
صدائے حسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
Wednesday 14-01-2026 epaper.sadaehussaini.com

آیت کریمہ: بنی اسرائیل ! ہم نے تم کو تمہارے دشمن سے نجات دلائی ہے اور طور کی داہنی طرف سے توریت دینے کا وعدہ کیا ہے اور من و سلوی بھی نازل کیا ہے۔ (سورہ طہ۔آیت 80)

حدیث شریف: علمائے دین (خیر) کا احترام کرو اس لئے کہ تم دنیا و آخرت میں ان کے محتاج ہو۔

حضرت علیؑ نے فرمایا: ادب بہترین کمال ہے اور خیرات افضل ترین عبادت ہے۔ جو چیز اپنے لئے پسند کرو وہ دوسروں کے لئے بھی پسند کرو۔ بھوکے شریف اور پیٹ بھرے کمینہ سے بچو۔

سورہ فاتحہ
برائے ایصال ثواب

سید احمد حسین جعفری صاحب مرحوم
ابن سید کلب حسین جعفری صاحب مرحوم
ومحترمہ کنیز عباس صاحب مرحومہ
بنت میر فیاض علی صاحب مرحوم
کی روح کو شاد فرمائیں۔
ومحترمہ فاطمہ بیگم صاحب مرحومہ
بنت سید بسم اللہ خان صاحب مرحوم

سورہ فاتحہ
برائے ایصال ثواب

سید محمد آصف صاحب مرحوم
ابن سید احمد حسین صاحب مرحوم

معروضہ : خانوادہ مرحوم

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام



مولانا سید علی ہاشم عابدی

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ہمارے ساتویں امام ہیں ۔آپ کے والد ماجد معلم بشریت، مربی انسانیت صادق آل محمدؑ قرآن ناطق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہیں اور آپ کی والدہ ماجدہ جناب حمیدہ سلام اللہ علیہا ہیں کہ جن کے بارے میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حمیدہ کنیزوں کی سردار ہیں، ہر برائی اور گندگی سے پاک ہیں جیسے شمس طلا (گولڈ بلین)، ملائکہ ہمیشہ ان کی حفاظت کرتے تھے یہاں تک کہ کرامت خدا ان کا نصیب ہوئی۔ اسی طرح امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حمیدہ گندگی سے پاک ہیں جیسے شمس طلا (گولڈ بلین)۔ ملائکہ انکی حفاظت کرتے یہاں تک کہ وہ مجھ تک پہنچ گئیں، یہ اللہ کی کرامت ہے ہم پر اور ہمارے بعد آنے والے ائمہ پر۔

روایت میں ہے کہ جب جناب حمیدہ سلام اللہ علیہا امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں پہنچی تو امامؑ نے ان سے پوچھا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ تو انہوں نے عرض کیا حمیدہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تم دنیا میں حمیدہ اور آخرت میں محمودہ ہو

مذکورہ روایات سے امام موسی کاظم علیہ السلام کی والدہ ماجدہ جناب حمیدہ سلام اللہ علیہا کی عظمت واضح ہوتی ہے۔

امام موسی کاظم علیہ السلام کا نام موسی، کنیت ابو ابراہیم، ابوالحسن اول اور ابو علی ہے اور آپ کے القاب کاظم (غصہ کو پی جانے والا)، عبد صالح اور باب الحوائج زیادہ مشہور ہیں۔اہل مدینہ آپ کو زین المجتہدین کے لقب سے یاد کرتے تھے۔

سن 128 یا 129 ہجری میں فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد جب امام جعفر صادق علیہ السلام اپنی شریکہ حیات جناب حمیدہ سلام اللہ علیہا کے ہمراہ مکہ مکرمہ سے واپس مدینہ تشریف لا رہے تھے تو مقام ابوا پر امام عالی مقام کے کاروان نے استراحت کے لئے قیام کیا۔ یہ ابوا وہی مقام ہے جہاں رسول اللہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ صدف رسالت حضرت آمنہ سلام اللہ علیہا کی قبر مبارک ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے اصحاب کے ساتھ خیمہ میں غذا نوش فرما رہے تھے کہ خادم نے اطلاع دی کہ جناب حمیدہ سلام اللہ علیہا کی طبیعت ناساز ہے، یہ سننا تھا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام فوراً اٹھے اور جناب حمیدہ سلام اللہ علیہا کے خیمے میں گئے۔آپ کے وہاں پہنچتے ہی امام موسی کاظم علیہ السلام کی ولادت با سعادت ہوئی۔تھوڑی دیر بعد امام علیہ السلام واپس اپنے اصحاب کے پاس شاد و خوشحال تشریف لائے تو سب آپ کے احترام میں کھڑے ہوگئے اور احوال پرسی کی تو فرمایا: حمیدہ (سلام اللہ علیہا) بخیر و عافیت ہیں۔اللہ نے مجھے ایک بیٹا دیا ہے کہ دنیا میں اس سے بہتر کوئی نہیں ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اصحاب سے فرمایا : حمیدہؑ نے مجھے کچھ باتیں بتائیں وہ سمجھ رہی تھیں کہ مجھے نہیں معلوم حاضرین نے پوچھا مولا واقعہ کیا ہے تو امام نے فرمایا: جیسے ہی میرے نور نظر موسیٰؑ دنیا میں آئے، انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر رکھے اور سر آسمان کی جانب بلند کر کے اللہ کی تسبیح تہلیل وتحمید فرمائی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے حمیدہ سے کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، امیر المومنین علیہ السلام اور ائمہ معصومین علیہم السلام کی روش ہے کہ دنیا میں قدم رکھتے ہی اپنے دونوں ہاتھ زمین پر رکھتے ہیں اور سر آسمان کی جانب بلند کر کے اللہ کی تسبیح تہلیل وتحمید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اور اللہ کی وحدانیت کا اعتراف و اقرار اور اسکی گواہی دیتے ہیں۔ جیسے ہی یہ جملے انکی زبان سے جاری ہوتے ہیں تو اللہ انکو اولین و آخرین کا علم عطا کر دیتا ہے اور شب قدر میں ملائکہ انکی زیارت کے لئے آتے ہیں۔

ابو بصیر کہتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے فرزند امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ولادت با سعادت پر تین دن تک ولیمہ کیا اور ہم سب نے کھانا کھایا۔

اگرچہ 7 رصفر آپ کی تاریخ ولادت مشہور ہے لیکن چونکہ یہ روایت اکثر بلکہ تقریبا تمام کتب میں مرقوم ہے کہ سفر حج سے واپسی پر مقام ابوا پر آپ کی ولادت ہوئی ہے لہذا بعض محققین نے آپؑ کی تاریخ ولادت 20 ذی الحجہ بیان کی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے صحابی یعقوب سراج کا بیان ہے کہ ایک دن میں اپنے مولا و آقا امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔آپ کے نزدیک گہوارہ میں آپ کے فرزند امام موسیٰ کاظم علیہ السلام تھے۔میں نے آپ کو سلام کیا آپ نے جواب دیا اور گہوارے کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اپنے مولا و آقا کو سلام کرو۔ میں حسب حکم گہوارے کے نزدیک گیا اور امام موسی کاظم علیہ السلام کی خدمت میں سلام عرض کیا۔آپ نے جواب سلام عطا کیا اور فرمایا 'یعقوب اللہ نے کل تمہیں ایک بیٹی عطا فرمائی ہے تم نے اس کا جو نام رکھا ہے بدل دو کیوں کہ اللہ کو وہ نام پسند نہیں۔' جب میں واپس ہونے لگا تو امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اپنے مولا کے حکم کی تعمیل کرنا اسی میں دنیا و آخرت کی سعادت ہے۔

یعقوب سراج کا بیان ہے کہ ہم نے امام موسی کاظم علیہ السلام کے حکم کے مطابق اپنی بیٹی کا نام بدل دیا۔(اصول کاف: ج1، ص310، ح11، ثبات الہدا: ج3، ص158، ح12.)

جیسا کہ امام محمد باقر علیہ السلام کی حدیث ہے کہ ہم اہلبیتؑ کی امامت کی دلیل ہمارا علم ہے۔ یہی علم امامت تھا کہ جس نے ہر دور کے ظالم و جابر اور غاصب کو آپ حضرات کے سامنے جھکنے پر مجبور کیا۔ اگرچہ دعوی سلونی صرف امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا لیکن اس دعوی کی دلیل ہمارے ہر معصوم امام نے دی۔ کیوں کہ ائمہ ہدی علیہم السلام کا علم لدنی ہے، وہ اللہ کی تمام مخلوقات پر اس کی حجت ہیں، لہذا اگرچہ ظاہراً انکی زبان عربی تھی لیکن وہ تمام مخلوقات کی زبان سے واقف تھے۔وہ چاہے گہوارے میں ہوں' یا ایام پیری میں، سن و سال یا حالات سے ان کا علم و یقین متاثر نہیں ہوتا تھا۔جیسا کہ امیر المومنینؑ نے فرمایا: اگر حجابات ہٹا بھی دیئے جائیں تو میرے یقین میں اضافہ نہیں ہوگا۔جس طرح منزل علم میں دعوی صرف امیر المومنین علیہ السلام نے کیا لیکن دلیل بارہ اماموں نے دی اسی طرح مرحلہ یقین میں بھی دعوی صرف مولا علی علیہ السلام نے کیا لیکن دلیل ہمارے بارہ اماموں نے دی۔ یہ مبالغہ نہیں بلکہ حقیقت ہے جسکی متعدد روایتیں تائید کرتی ہیں کہ جب آپ حضرات شکم مادر میں تھے تو اس وقت بھی آپکے علم و کرامت کا فیض جاری تھا اور مادران گرامی کے انیس و یاور رہے اور بعد شہادت بھی فیض علم و کرامت عام ہے۔

اگر ہم سرکار باب الحوائج حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام کی علمی سیرت کو ملاحظہ کریں تو آپؑ نے گہوارے سے شہادت تک وہ نمونے پیش کئے جو عام انسان کیلئے نہ فقط قابل تصور نہیں بلکہ انہیں پڑھ کر انسان حیرت و تعجب میں پڑ جاتا ہے۔امام موسی کاظم علیہ السلام سے کمسنی میں عباسی خلفا، یہود و نصاری اور منکرین خدا سے مناظرے کئے جن میں مقابل کو ہمیشہ شکست کا سامنا ہی کرنا پڑا۔کتب تاریخ میں کتنے واقعات ہیں کہ جن میں غیر عربوں نے جب عربی زبان میں سوال کیا تو امام نے انہیں انکی مادری زبان میں جواب دیا، بلکہ بعض اوقات ان کے اصل نام و نسب سے بھی آگاہ کیا جسے سن کر وہ تصویر حیرت بن گئے۔

جس طرح آپؑ کی علمی شخصیت بے نظیر تھی اسی طرح آپؑ کی اخلاقی سیرت بھی لاجواب تھی۔آپؑ کی اخلاقی سیرت آپؑ کے مشہور لقب کاظم یعنی غصہ کو پی جانے والا، سے ہی واضح ہے، آپؑ کا لطف و کرم مخالفین کے بھی شامل حال رہتا تھا، خلیفہ دوم کی نسل کا ایک شخص جو اکثر آپؑ کی برائی کرتا تھا آپؑ نے اس پر احسان کیا۔رات کی تاریکی میں فقرا و مساکین کی امداد فرماتے۔ بشر حافی جو پہلے لہو ولعب اور غنا میں تباہ تھے جب امام موسی کاظم علیہ السلام نے خود انکی کنیز کے ذریعہ انکی ہدایت کی تو وہ توبہ کر کے عابد و زاہد بن گئے۔لیکن افسوس دور حاضر میں کچھ نام نہاد مداح جو اسیر دنیا ہیں اور ان کا مقصد صرف دنیا ہے وہ میوزک پر نوحے اور منقبتیں گا رہے ہیں۔ میرا ان تمام اسیرانِ دنیا سے چاہے وہ ہمارے ملک کے ہوں یا پڑوسی ملک سے، سوال ہے کیا تمہیں مدح اہلبیت اطہار علیہم السلام کے سبب عزت، دولت، شہرت نہیں ملی، تمہیں حلال سے کیا نہیں ملا جو تم حرام میں گئے اور وادی ظلمت کے مسافر ہو گئے۔امام موسی کاظم علیہ السلام کا دورہ امامت سن 128 ہجری میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی شہادت سے شروع ہوا، ماحول انتہائی پر آشوب تھا، کچھ کمزور عقیدہ والے آپ کے مرحوم بھائی اسماعیل کی امامت کے قائل ہو گئے جب کہ انکی وفات والد ماجد کی زندگی میں ہی ہو گئی تھی اور امام جعفر صادق علیہ السلام نے انکی وفات صراحت و وضاحت سے بیان بھی کی تھی، دوسری جانب آپ کے ایک بھائی عبداللہ افطح نے امامت کا دعوی کردیا، آپؑ نے آگ روشن کرائی اور جب شعلے بلند ہونے لگے تو انکو بلایا اور کہا کہ اگر آپؑ اپنے دعوی میں سچے ہیں کہ آپ امام ہیں تو آگ میں جائیں، انہوں نے کہا کہ پہلے آپ جائیں تو فخر ابراہیم امام موسی کاظم علیہ السلام آگ میں گئے اور تھوڑی دیر بعد راکھ جھاڑتے ہوئے نکل آئے ،جسم تو دور لباس بھی نہیں جلا تھا یہ دیکھتے ہی عبداللہ افطح نے فرار کو قرار پر ترجیح دی لیکن اپنے دعوی سے پیچھے نہیں ہٹے اور کچھ کمزور عقیدے والوں کو گمراہ کرتے رہے۔

عباسی حاکم نے آپ کو تقریبا چودہ برس سخت ترین قید میں رکھا اور یہ اسیری آپؑ کی شہادت 25 رجب سن 183 ہجری پر تمام ہوئی۔امام علیہ السلام نے ایسے سخت ترین حالات میں کہ جب آپ قید خانہ میں تھے، لوگوں سے ملاقات نہیں کر سکتے تھے تو مومنین کی ہدایت کے لئے مختلف علاقوں میں وکیل معین کر کے نظام وکالت کو قائم کیا تا کہ جب حجت خدا پردہ غیبت میں ہو تو مومنین خود کو لاوارث نہ سمجھیں بلکہ وکلا اور نمایندگان امام سے ہدایت حاصل کرتے رہیں۔آپ نے علی بن یقطین کو اس شرط پر عباسی حکومت میں وزارت قبول کرنے کی اجازت دی کہ وہ مومنین کو فائدہ پہنچائیں اور انہیں نقصان سے بچائیں، وگرنہ آپ نے صفوان جمال کو واضح طور پر شغل بدلنے اور اونٹ بیچنے کا حکم دیا تا کہ کسی مومن کے دل میں کسی ظالم کی زندگی کی معمولی سی خواہش بھی نہ آئے۔

جناب بہلول رضوان اللہ تعالی علیہ امام موسی کاظم علیہ السلام کے سچے شیعہ تھے، وہ اپنے دور کے اعلم اور فقیہ اعظم تھے جب مسجد میں درس دیتے تو مسجد علما، فقہا اور طلاب سے بھر جاتی، ہر ایک انکا احترام کرتا تھا لیکن جب ہارون نے انہیں منصب قضاوت پر مجبور کیا اور امام موسی کاظم علیہ السلام نے منصب قضاوت کے قبول کرنے سے منع کیا تو انہوں نے اپنے ایمان اور جان کو بچانے کے لئے دیوانگی اختیار کر لی کہ ایک دور وہ تھا کہ بڑے بڑے عالم و فقیہ ہونے کے سبب احترام کرتے تھے لیکن اب گلی کے بچے مذاق اڑانے لگے۔ جناب بہلول رضوان اللہ تعالی علیہ نے اپنی شخصیت، اپنی عزت، اپنا وقار تو قربان کر دیا لیکن حجت خدا امام معصوم کی نافرمانی نہیں کی۔ قرآن کریم نے ہمیں سوچنے، سمجھنے اور فکر کرنے کی دعوت دی ہے لہذا ہمیں اپنا محاسبہ کرنا چاہیئے۔

غزہ میں سردی سے 7 بچے شہید

غزہ۔13 رجنوری (ایجنسی) غزہ میں حکومتی میڈیا دفتر نے شدید سردی کی نئی لہر کے ساتھ غزہ کی پٹی میں انسانی المیے کے مزید سنگین ہونے سے خبردار کیا ہے۔ دفتر نے تصدیق کی ہے کہ موسم سرما کے آغاز سے اب تک سردی اور صقیع کے باعث شہید ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 7 ہوگئی ہے، جن میں تمام کے تمام بچے شامل ہیں۔ یہ المیہ قابض اسرائیل کے مسلسل محاصرے، وسیع پیمانے پر تباہی اور محفوظ رہائش کی بنیادی سہولیات کے فقدان کے سائے میں پیش آ رہا ہے۔ دفتر نے آج منگل کے روز جاری اپنے بیان میں کہا کہ غزہ پر قابض اسرائیل کی جنگ شروع ہونے کے بعد سے لے کر منگل 13 جنوری 2026 تک سردی اور گھروں کے منہدم ہونے کے نتیجے میں شہید ہونے والوں کی مجموعی تعداد 24 تک جا پہنچی ہے۔ یہ تمام شہدا جبری پناہ گزین کیمپوں میں مقیم بے گھر افراد تھے، جن میں 21 بچے شامل ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ شدید آندھیوں اور موسمی دبا کے باعث گذشتہ دو دنوں کے دوران تقریبا 7 ہزار خیمے بہہ گئے، جس سے ہزاروں بے گھر خاندانوں کی اذیت میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے۔حکومتی میڈیا دفتر نے وضاحت کی کہ یہ اعداد و شمار انسانی سانحے کی شدت میں خطرناک اضافے کا واضح اشارہ ہیں، کیونکہ حرارت کے ذرائع تقریبا ناپید ہیں، محفوظ پناہ گاہیں موجود نہیں اور کمبلوں اور سردیوں کے ملبوسات کی شدید قلت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ قابض اسرائیل کی جانب سے انسانی امداد کی مطلوبہ مقدار میں ترسیل پر عائد پابندیاں بدستور برقرار ہیں۔ دفتر نے یاد دلایا کہ وہ اس سے قبل بھی موسمی دبا اور شدید سردی کی لہروں کے سنگین نتائج سے خبردار کر چکا ہے اور نشاندہی کی تھی کہ یہ حالات بچوں، مریضوں اور بزرگوں کی زندگیوں کے لیے بڑھتا ہوا خطرہ بن رہے ہیں۔ بیان میں تنبیہ کی گئی کہ اگر فوری مداخلت نہ کی گئی تو شہدا کی تعداد میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔حکومتی میڈیا دفتر نے قابض اسرائیل کو غزہ کے عوام کے خلاف جاری قتلِ بطی کی پالیسی کا مکمل اور براہ راست ذمہ دار قرار دیا اور کہا کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ بھوک، جبری بے دخلی اور محاصرے پر مبنی پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ دفتر نے عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی و حقوقی تنظیموں سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا تا کہ محفوظ رہائشی مراکز قائم کیے جائیں اور حرارت اور امدادی سامان بغیر کسی قید کے غزہ میں داخل کیا جائے، تا کہ وقت ختم ہونے سے پہلے باقی ماندہ جانوں کو بچایا جا سکے۔

کیا ترکی بھی پاکستان اور سعودی عرب دفاعی اتحاد میں شامل ہونے والا ہے؟

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان گزشتہ سال ستمبر 2025 میں ایک اہم اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ طے پایا تھا۔ یہ معاہدہ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور پاکستانی وزیر اعظم شہباز شریف کے درمیان ریاض میں دستخط ہوا تھا، جس کے موقع پر پاکستانی آرمی چیف آصف منیر بھی موجود تھے۔ اس معاہدے کے تحت اگر کسی بھی ملک پر کوئی جارحیت ہوتو اسے دونوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا، اور دونوں مل کر دفاع کریں گے۔ یہ شق نیٹو کے آرٹیکل 5 سے ملتی جلتی ہے۔ تاہم اس اتحاد میں اب ترکی بھی شامل ہونے کی خواہش مند ہے۔ حالیہ رپورٹس کے مطابق ترکی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی اتحاد میں شمولیت میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اس حوالے سے تینوں ممالک کے درمیان بات چیت جاری ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ترکی کے پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں۔ ترکی کے پاکستان اور سعودی عرب دونوں کے ساتھ گہرے تعلقات ہیں، جن میں فوجی تعاون، ڈرون ٹیکنالوجی، ایف 16-اپ گریڈیشن اور بحری جہازوں کی تعمیر شامل ہے۔ ترکی اب سعودی عرب اور پاکستان کو اپنے پانچویں نسل کے KAAN جنگی طیارے کے پروگرام میں بھی شامل کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ ترکی کے لیے یہ شمولیت علاقائی سلامتی کو مزید مضبوط کرے گی، کیونکہ کسی بھی ملک پر حملہ ہونے کی صورت میں دیگر دو ممالک اس کی مدد کریں گے۔ یہ امریکہ اور مغرب پر کم انحصار اور نئے علاقائی اتحاد کی طرف ایک قدم ہے، خاص طور پر مشرق وسطی، جنوبی ایشیا اور افریقہ میں بدلتے حالات کے پیش نظر۔ اگر ترکی پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اس دفاعی اتحاد میں شامل ہوتا ہے تو تینوں ممالک کو فائدہ ہوگا۔ سعودی عرب کے پاس بے پناہ دولت ہے۔

مساجد کی پولیس پروفائلنگ پر متحدہ مجلس علما کی شدید تنقید

جموں۔13 رجنوری (ایجنسی) اسلام ٹائمز۔ جموں و کشمیر متحدہ مجلسِ علما نے وادی کشمیر میں پولیس کی جانب سے جاری کارروائی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سنگین سوالات اٹھائے ہیں . جس کے تحت مساجد، ان کی انتظامی کمیٹیوں، ائمہ، خطبا اور عبادت گاہوں سے وابستہ افراد بلکہ ان کے اہلِ خانہ کے بارے میں انتہائی وسیع اور مداخلت پر مبنی معلومات طلب کی جا رہی ہیں۔ متحدہ مجلسِ علما کو اطلاع ملی ہے کہ پولیس کی جانب سے کئی صفحات پر مشتمل تفصیلی فارم تقسیم کئے جا رہے ہیں، جن میں مساجد کے نظم و نسق اور انتظام سے وابستہ تمام افراد سے نہایت ذاتی اور حساس نوعیت کی معلومات طلب کی جا رہی ہیں، جن میں ذاتی شناختی تفصیلات، خاندانی کوائف، مالی معلومات، فون تفصیلات، ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا پروفائلز، پاسپورٹ کی تفصیلات، سفری تاریخ اور حتی کہ موبائل فون کے آئی ایم ای آئی نمبرز تک شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مساجد کی مسلکی شناخت بریلوی، حنفی، دیوبندی یا اہلِ حدیث بھی طلب کی جا رہی ہے۔ اس طرح کی غیر معمولی اور مداخلت پر مبنی ڈیٹا اکٹھا کرنے کی اس کارروائی نے دینی اداروں، ائمہ و خطبا اور عام عوام میں شدید بے چینی اور اضطراب پیدا کر دیا ہے۔ متحدہ مجلسِ علما نے واضح طور اپنے بیان میں کہا کہ یہ کارروائی بنیادی حقوق، حقِ رازداری اور شخصی معلومات کے تحفظ سے متعلق آئینی ضمانتوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ مساجد عبادت، دینی رہنمائی اور سماجی خدمت کے مقدس مراکز ہیں۔

مجلس عزا سید الشہدا برائے ایصال ثواب محترمہ سیدہ رانا رضوی صاحبہ مرحومہ بنت مولوی سید ہمایوں حیدر رضوی صاحب مرحوم سے ذاکر اہلبیت مولانا سید عابد بلگرامی صاحب قبلہ حسینیہ عنایت جنگ بہادر منڈی میر عالم روڈ حیدرآباد میں خطاب کرتے ہوئے کثیر تعداد میں مومنین نے شرکت کی۔

ایران، احتجاجی تحریک کا انجام کیا ہوگا؟

تحریر: تصور حسین شہزاد

ایران کے آخری شاہ محمد رضا پہلوی کے بیٹے رضا پہلوی ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ 1979 کے اسلامی انقلاب کے وقت رضا پہلوی کی عمر محض 16 برس تھی، جب ان کے والد کی 40 سالہ حکمرانی کا خاتمہ ہوا اور ہزار سالہ بادشاہت کا سلسلہ ٹوٹ گیا۔ اب 65 برس کی عمر میں، تقریبا نصف صدی بعد، وہ خود کو ایران کی موجودہ حکومت کیخلاف تحریک میں ایک نمایاں کردار کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سی این این نے زمینی حقائق کے برعکس دعوی کیا ہے کہ ایران میں ہونیوالے احتجاجی مظاہروں کے دوران یہ آخری جنگ ہے، پہلوی واپس آئے گا جیسے نعرے سنائی دیئے۔ بعض مظاہرین نے بادشاہ زندہ باد جیسے الفاظ بھی دہرائے۔ سی این این شائد یہ بھول گیا کہ ایران کے اندر ایسے نعرے سماجی طور پر انتہائی ناپسندیدہ ہیں، عوام شاہ سے شدید نفرت کرتے ہیں۔

تجزیہ کاروں کے مطابق اصل سوال یہ نہیں کہ یہ نعرے لگے یا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ کیا ایرانی عوام واقعی بادشاہت کی بحالی چاہتے ہیں؟ تو اس کا جواب ہے نہیں، کیونکہ موجودہ رجیم کیخلاف اگر مظاہرے میں 50 افراد شریک ہوتے ہیں، تو موجودہ سسٹم کے حق میں ہونیوالے مظاہروں میں 50 ہزار افراد شریک ہو کر رہبر اعلی کی حمایت کرتے ہیں۔ رضا پہلوی نے حالیہ برسوں میں ایران میں اپنی واپسی کیلئے امریکی تعاون سے زمینہ سازی کی کوشش ضرور کی ہے، لیکن وہ کسی طور ایرانی عوام کی متفقہ یا متحد کرنے والی شخصیت نہیں بن سکے۔ ایران میں چند لوگ پہلوی کے حامی بھی ہیں اور سخت ناقد بھی، جو انہیں ماضی کی آمریت کی علامت سمجھتے ہیں۔ اور ماضی کی آمریت سمجھ کر ان سے نفرت کرنیوالوں کی تعداد زیادہ ہے۔

رضا پہلوی یہ دعوی بھی کر چکے ہیں کہ اگر موجودہ حکومت کا خاتمہ ہوتا ہے تو وہ عبوری دور میں قیادت کے لیے تیار ہیں۔ تاہم ان کے پاس مستقبل کے سیاسی نظام، آئین یا اقتدار کی نوعیت کے حوالے سے واضح منصوبہ موجود نہیں۔ یہی ابہام اور عملی سیاسی تجربے کی کمی ان کی سب سے بڑی شکست ہے، جس کو دیکھتے ہوئے ایرانی عوام اس کی حمایت نہیں کرتے۔ یہ ایران میں گزشتہ ایک دہائی کے دوران پانچویں احتجاجی لہر ہے، جو مسلسل ناکامی سے دوچار ہو رہی ہے۔ رضا پہلوی اور ٹرمپ مل کر کام تو کر رہے ہیں، مگر زمینی حقائق یہ ہیں کہ ایران ایک بار پھر تاج اور تخت کی طرف لوٹنے کیلئے تیار نہیں۔ اگر مغربی پروپیگنڈے کو درست مان بھی لیا جائے کہ عوام انقلاب سے بیزار ہو چکے ہیں، تو بھی عوام کا ہدف بادشاہت نہیں، جس سے ایرانی عوام بڑی قربانیوں کے بعد نجات حاصل کی۔ شاہ کے دور میں ایران ایک مسلم ملک نہیں، بلکہ مغرب کی عیاشی کا اڈا تھا، اور غیرت مند ایرانی قوم، اب ایران کو دوبارہ اس اندھیرے میں نہیں جانے دینا چاہتی۔

ایران میں جاری احتجاج کے تناظر میں یہ سوال ہے کہ آیا یہ مظاہرے اسلامی جمہوریہ کے خاتمے پر منتج ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ تو راقم کے خیال میں اگر ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کا اقتدار ختم بھی ہوتا ہے) جو کہ ممکن دکھائی نہیں دیتا (تو وہ 1979 کے انقلاب جیسا منظر پیش نہیں کرے گا۔ استعماری قوتیں ایک بنیادی غلطی کر رہی ہیں۔ وہ اسلامی جمہوریہ کے ممکنہ خاتمے کو 1979 کے انقلاب کے سانچے میں دیکھ رہی ہیں، حالانکہ آج کا ایران اس دور کے ایران سے بالکل مختلف ہے۔ دونوں ادوار کا تقابل کرنا ایرانی قوم کے مزاج سے ناواقفیت ہے۔ اسلامی جمہوریہ ایک فردِ واحد کی حکومت نہیں، جیسا کہ شاہی نظام تھا، جسے انقلاب اسلامی نے ختم کیا۔ اگرچہ سید علی خامنہ ای حتمی اختیار رکھتے ہیں، لیکن نظام کے اندر طاقت کے کئی مراکز موجود ہیں۔ مختلف سیاسی دھڑے، ادارے اور مفادات ہیں، اور سید علی خامنہ ای ان سب کے درمیان توازن اور اتفاقِ رائے کے ذریعے حکومت کرتے ہیں۔ تمام دھڑے بالآخر انہی کے ذریعے گزرتے ہیں۔

شاہی نظام کے خاتمے سے پہلے بھی حالات یک دم نہیں بدلے تھے۔ 1977 سے 1979 تک تقریبا دو سال مسلسل احتجاج ہوئے، یہاں تک کہ عوامی دبا نے نظام کو مفلوج کر دیا۔ اس دوران شاہ فیصلہ سازی کی صلاحیت کھو چکا تھا اور وہ اپنا دفاع کرنے کی پوزیشن میں بھی نہیں رہا، یہاں تک کے شاہی محل کے چھوٹے ملازمین نے بھی انہیں تھپڑ رسید کئے اور اپنا غصہ نکالا۔ فروری 1979 تک حالات اس نہج پر پہنچ گئے تھے جہاں واپسی ممکن نہیں رہی تھی۔ سید علی خامنہ ای کی قیادت میں موجودہ نظام نے اب تک یہ اشارہ نہیں دیا کہ وہ اپنا دفاع کرنے سے پیچھے ہٹ جائے گا۔ بلکہ وہ ان حالات میں مزید مضبوط نظر آ رہے ہیں۔ ریاستی مشینری متحرک ہے اور اپنا کردار مثبت اور موثر انداز میں ادا کر رہی ہے۔ ایک اور بڑا فرق اپوزیشن کی نوعیت کا ہے۔

1979 میں شاہ مخالف تحریک نہ صرف منظّم تھی بلکہ سخت نظم و ضبط کی پابند بھی تھی۔ آج کے ایران میں ایسی منظّم اور متحد اپوزیشن موجود نہیں، جو کسی بڑے انقلابی نتیجے کی ضمانت بن سکے۔ ان حقائق کی روشنی میں یہ کہنا مشکل ہے کہ موجودہ احتجاج کسی فوری انقلابی تبدیلی میں بدل جائے گا اور اگر استعماری سازشیں کامیاب ہوتی ہیں اور رجیم چینج ہو جاتا ہے تو بھی 1979 کی تاریخ دوہرانے کی بجائے ایران کا امن و امان تہس نہس ہو جائے گا اور ایرانی عوام اتنے باشعور ضرور ہیں کہ وہ شہدا کے وطن کو تباہ نہیں کریں گے۔ عوام سمجھتے ہیں کہ ٹرمپ ان کا نجات دہندہ نہیں، بلکہ ٹرمپ کا ہدف ایران کے تیل کے ذخائر ہیں، اور ایرانی عوام وینزویلا کو اس کے سب سے بڑے ثبوت کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔

☆☆☆